SINDH ACT NO.X OF 2014

The Sindh Service Tribunals (Amendment) Act, 2014

سندھ ایکٹ نمبر X، مجریہ 2014

دی سندھ سروس ٹریبونلز (ترمیم) ایکٹ، 2014

(Contents) فہرست

(Preamble)تمہید

1. مختصر عنوان اور شروعات

(Short Title and Commencement)

2. سندھ ایکٹ نمبر XV مجریہ 1973 کی دفعہ 3 میں تبدیلی.

Amendment of Section 3 of Act No XV of 1973.

SINDH ACT NO.X OF 2014

The Sindh Service Tribunals (Amendment) Act, 2014

سندھ ایکٹ نمبر X، مجریہ 2014

دی سندھ سروس ٹریبونلز (ترمیم) ایکٹ، 2014

[20 مارچ 2014]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس سے سندھ سروس ٹریبونلز ایکٹ 1973 میں تبدیلی لائی جائے گی۔

اس لیئے ایکٹ کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جاتا ہے:-

مختصر عنوان اور شروعات۔ Short Title and Commencement.

1. (1). اس ایکٹ کو دی سندھ سروس ٹریبونلز (ترمیم) ایکٹ، 2014 (The Sindh Service Tribunals (Amendment) Act, 2014) کہا جائیگا۔

(2) یہ ایکٹ فی الفور نافذ ہوگا اور 7 اگست 2013 سے نافذ العمل سمجھا جائیگا۔

سندھ ایکٹ نمبر XV مجریہ 1973 کی دفعہ 3 میں تبدیلی۔ Amendment of Section 3 of Act No XV of 1973.

2. سندھ سروس ٹریبونلز ایکٹ، 1973 کی دفعہ 3 کی ذیلی دفعات (3) اور (4) میں مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیلی لائی جائیگی:-

"(3) ٹریبونل ایک چیئرمین اور دو میمبرز پر مشتمل ہو گا جن کو سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے مشورے سے سرکار ایک دفعہ کے لیئے 3 تین سال کی مدت تک کے لیئے مقرر کرے گی۔

(4) (i) وہ فرد جو ہائی کورٹ کا جج رہ چکا ہو، جج بننے کا اہل ہو، اسے چیئرمین مقرر کیا جائیگا۔

(ii) دو میمبرز، ان میں سے ایک کو بطور میمبر مقرر کیا جائے گا جسے وکالت کرنے کا سات سال کا تجربہ ہو اور دوسرا میمبر سول ملازمین میں [BS-20] گریڈ والا لیا جائیگا اور اسے ترجیح دی جائے گی جسے قانون سے واقفیت کا تجربہ حاصل ہو۔ ان کو ایک دفعہ تین 3 سال کی مدت کے لیئے میمبر مقرر کیا جائے گا پھر چاہے وہ مدت نوکری کرنے والے آخری حد تک ہو یا اس سے پہلے والے وقت تک ہو۔

نوٹ:- ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جسے کورٹ میں استعمال نہیں کی جاسکتا۔